ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((726

17-11-2022

بہاول پور() ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کمپئین میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، 36 ملزمان گرفتار، قبضہ سے 04 کلو سے زائد چرس و 396 لیٹر دیسی شراب، 05 عدد پسٹل 30 بور اور ریوالور 32 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق یڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی کمپئین پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سر براہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیر نگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ بغدادالجدید، صدر بہاولپور، اوچ شریف، عباس نگر اور مسافر خانہ پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 50 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 40 کلو 409 گرام سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تھانہ نوشہرہ جدید، مسافر خانہ، قائمپور اور صدر حاصلپور پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 80 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 369 لیٹر دیسی شراب لیٹر ولہن معہ 10 چالو بھٹی برآمد کرلی۔تھانہ کینٹ، بغدادالجدید، صدر بہاولپور، مسافر خانہ، نوشہرہ جدید اور ہیڈ راجکاں پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 60 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 03 بور اور 10 عدد ریوالور 23 بور برآمد کرلیا۔اس طرح تھانہ کوتوالی، صدر حاصلپور اور سٹی یزمان نے قمار بازی کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 61 ملزمان اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 10 ملزم گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 51 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((727

17-11-2022

بہاولپور ( ) پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف گذشتہ 15 روز میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 54 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔ جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے ۔گذشتہ 15 روز کی قلیل مدت میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے موبائل مارکیٹ اور شاپ کیپرز کے تعاون سے 4620 موبائل فون کو چیک کیا گیا جس میں لاکھوں روپے مالیت کے 54 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔ پنجاب پولیس کے ای گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہو رہا ہے ۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جا سکتا ہے۔ پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے مفت ڈاؤن کیا جا سکتا ہے، جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے با آسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جا رہی ہیں جو کہ معاشرے میں پولیس کے وقار کو مزید بلند کر رہا ہے

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (728)

17-11-2220

بہاولپور() ڈی پی او عبادت نثار نے پولیس افسران کو سنگین واقعات پر کرائم سین اور فرنزک سائنس لیبارٹری کی ٹیموں کو فوری بلانے کی ہدایات جاری کر دیں، پولیس افسران ان کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں تا کہ جائے وقوعہ سے ابتدائی شواہد کی دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے، کسی رکاوٹ کی صورت میں میرے ساتھ براہ راست رابطہ کریں میں کرائم سین اور فرنزک سائنس لیبارٹری کی ٹیموں کے بروقت جائے وقوعہ پر پہنچنے کو یقینی بناؤں گا۔

ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو خصوصی ہدایات دیتے ہوئے کیا، ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ جدید سائنسی ٹیکنالوجی کے اس دور میں جہاں پر قانون شکن اس ٹیکنالوجی کو منفی رجحانات کے لئے استعمال کر رہے ہیں ہم نے اس سائنسی سہولیات کو عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کے لئے استعمال کرنا ہے، ریاست نے پولیس کو جدید سائنسی ٹیکنالوجی تک مکمل دسترس دے دی ہے، جس کے لئے کرائم سین اور فرانزک سائنس لیبارٹری جیسے ریاستی ادارے موجود ہیں، ڈی پی او نے کہا کہ خدانخواستہ اگر کہیں کوئی سنگین واردات ہوتی ہے تو متعلقہ پولیس آفیسر کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ خود بھی موقع پر پہنچے، کرائم سین اور فرانزک سائنسی لیبارٹری کی ٹیموں کو اس سپرٹ کیساتھ اطلاع دے کر ان سے سفری فالواپ لے جس سے تھانہ کی گاڑی، کرائم سین اور فرانزک سائنس لیبارٹری کی ٹیمیں بیک وقت موقع پر پہنچیں، جائے وقوعہ پر موجود شواہد کو اکٹھا کر کے قانون کے مطابق مضبوط بنایا جائے کیوں کہ جائے وقوعہ سے ملنے والے ٹھوس شواہد بلائنڈ وارداتوں کو جلد سے جلد ٹریس کرنے ، ملزمان کی گرفتاری اور ریکوری کا باعث بنتے ہی، ڈی پی او نے کہا کہ یہی پولیسنگ کی ایس او پی ہے جس سے سنگین واردات بھی جلد ٹریس ہو جاتی ہیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس